02.11.2025

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں .... کلیم احمد

Music

☆ صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے سال 2047 تک ترقی یافتہ بھارت کے مقصد کے حصول کیلئے اجتماعی کوششوں اور خواتین اور مردوں کی مساویانہ شمولیت پر زور دیا ہے۔

☆ بہار اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کی چناؤ مہم اپنے عروج پر پہنچ گئی ہے۔ NDA اور مہاگٹھ بندھن کے سرکردہ لیڈر ریاست میں مختلف مقامات پر ریلیوں سے خطاب کررہے ہیں۔

☆ خلائی تحقیق کی بھارتی تنظیم ISRO آج شام ملک کے سب سے زیادہ وزن والے مواصلاتی سیٹلائٹ CMS-03 کو لانچ کرے گی۔

☆ پورے ملک میں آکاشوانی سنگیت سمّیلن کی تقریبات کا ایک ماہ طویل سلسلہ آج شروع ہورہا ہے۔

☆ خواتین کے ایک روزہ میچوں کے ICC کرکٹ ورلڈ کپ کے فائنل میں آج سہ پہر نوی ممبئی میں بھارت کا مقابلہ جنوبی افریقہ سے ہوگا۔

☆ اور مردوں کی کرکٹ میں، بھارت اور آسٹریلیا کے درمیان تیسرا ٹی ٹوئنٹی میچ ہوبارٹ میں کھیلا جارہا ہے۔

Music

اب خبریں تفصیل سے............

President Uttarakhand

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے ایک ترقی یافتہ ملک بننے کے بھارت کے عہد پر زور دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سال 2047 تک اِس مقصد کے حصول کیلئے مردوں اور خواتین دونوں کو برابر سے شامل ہونا ہوگا۔ آج ہری دوار میں پتنجلی یونیورسٹی کے دوسرے تقسیمِ اسناد کے جلسے سے خطاب کرتے ہوئے، صدرِ جمہوریہ نے کہا کہ 2047 تک ترقی یافتہ بھارت کے نظریے کو حقیقت کی شکل دینے کیلئے اجتماعی کوشش ضروری ہے۔ خواتین کی تعلیم کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے، محترمہ دروپدی مرمو نے کہا کہ تعلیم یافتہ بیٹیاں ملک کی شان بڑھائیں گی۔

SB - President

بعد میں محترمہ دروپدی مرمو دہرادون میں راج پور روڈ پر ایک پیدل اوور برج کا افتتاح کریں گی اور راشٹرپتی نکیتن

میں ادب، ثقافت اور آرٹ سے متعلق بین الاقوامی فیسٹیول کے شرکاء سے گفتگو کریں گی۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اترا کھنڈ کے تین دن کے دورے پر آج دہرادون پہنچیں۔ Jolly Grant ہوائی اڈے پر ریاست کے گورنر، لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ گرمیت سنگھ اور وزیر اعلیٰ پشکر سنگھ دھامی نے اُن کا خیر مقدم کیا۔x

Bihar Campaigning

بہار اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کی چناؤ مہم اپنے عروج پر پہنچ گئی ہے۔ NDA اور مہاگٹھ بندھن دونوں کے سرکردہ لیڈر ریاست میں مختلف مقامات پر عوامی ریلیوں سے خطاب کررہے ہیں۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ...

VC - Dharmendra

جنتا دل یونائیٹڈ - JDU کے قومی صدر اور وزیر اعلیٰ نتیش کمار نے مونگیر ضلع میں تاراپور کے مقام پر ایک ریلی سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ راشٹریہ جنتا دل - RJD کبھی بھی بہار کی ترقی کو یقینی نہیں بنا سکتا، کیونکہ وہ خاندانی سیاست میں یقین رکھتا ہے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ مہاگٹھ بندھن کا انتخابی منشور، ریاست کے عوام کو گمراہ کرنے کی محض ایک چال ہے۔

اس دوران، کانگریس لیڈر اور راجستھان کے سابق نائب وزیر اعلیٰ سچن پائلٹ نے پٹنہ میں کہا کہ وزیر اعلیٰ نتیش کمار بیس سال سے بہار پر راج کررہے ہیں، اس لیے NDA حکومت، ریاست کی خراب اقتصادی حالت اور پسماندگی کیلیے پوری طرح ذمہ دار ہے۔

اس دوران بی جے پی کے سرکردہ لیڈر اور وزیر اعظم نریندر مودی نے آج آرا میں ایک ریلی سے خطاب کیا۔ اس کے علاوہ بی جے پی کے ہی ایک اور سرکردہ لیڈر اور مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے مظفر پور میں ایک ریلی سے خطاب کیا۔ دوسری جانب کانگریس لیڈر راہل گاندھی نے بیگوسرائے میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کیا۔

اس کے علاوہ مہاگٹھ بندھن کے وزیر اعلیٰ کے عہدے کے امیدوار تیجسوی پرساد یادو آج ریاست بھر میں 17 ریلیوں سے خطاب کریں گے۔

پٹنہ سے دھرمیندر کمار رائے کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلیے میں عبدالمالک

ISRO CMS 03

خلائی تحقیق کی بھارتی تنظیم ISRO آج شام ملک کے سب سے زیادہ وزن کے مواصلاتی سیٹلائٹ CMS-03 کو لانچ کرے گی۔ اِسے آج شام پانچ بجکر 26 منٹ پر آندھرا پردیش میں سری ہری کوٹہ میں ستیش دھون خلائی مرکز سے چھوڑا جائے گا۔ اِس مشن کا مقصد دور دراز کے خطوں میں ڈیجیٹل کنکٹیویٹی کو بڑھاوا دینا اور بحریہ کی مواصلاتی صلاحیت میں اضافہ کرنا ہے۔

اِسے ملک کے سب سے طاقتور خلائی راکٹ LVM3 کے ذریعے چھوڑا جائے گا۔

پیش ہے ایک رپورٹ ...

VC - Allu Murali

اِس لانچ کیلیے 24 گھنٹے کی اُلٹی گنتی سری ہری کوٹہ کے کنٹرول مرکز میں کل شام شروع ہوئی اور اب سائنسداں آج کامیاب لانچ کیلیے آخری لمحات کی جانچ وغیرہ کررہے ہیں۔ یہ راکٹ سری ہری کوٹہ کے پہلے لانچ پیڈ سے چھوڑا جائے گا۔ LVM3 راکٹ بھارت کا سب سے زیادہ وزن والا خلائی راکٹ ہے اور یہ چار ہزار کلوگرام تک کے سیٹلائٹ کو خلاء میں لے جاسکتا ہے۔ اِس کے ذریعے چاند پر چندریان سوئم جیسے مشنوں کو کامیابی کے ساتھ لانچ کیا گیا اور اِس طرح بھارت چاند کے قطبِ جنوبی کے نزدیک پہنچنے والا دنیا کا پہلا ملک بنا۔

LVM3-M5 کی یہ پانچویں پرواز ہوگی۔ CMS-03 کے پے لوڈس میں Voice اور ڈیٹا کیلیے ٹرانسپونڈرس نیز سی بینڈ، Extended C بینڈ اور Ku بینڈ پر ویڈیو لنک شامل ہوں گے۔ مذکورہ سیٹلائٹ سے بحریہ کیلیے کنکٹیوٹی کو نمایاں فروغ حاصل ہوگا۔ ساتھ ہی دور دراز کے علاقوں کیلیے ڈجیٹل رسائی میں بھی بہتری آئے گی۔ اِس سے سویلین ایجنسیوں کو مدد ملے گی اور کلیدی ایپلی کیشنز میں بہتری آسکے گی۔

چنئی سے Allu Murali کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلیے میں شمیم عرفان

Sangeet Sammelan

67 واں آکاشوانی سنگیت سمیلن آج دلّی، ممبئی اور چنئی میں کنسرٹس کے ساتھ شروع ہو رہا ہے۔ ایک مہینے تک جاری رہنے والے اِس سنگیت سمیلن کے دوران، ملک کے 24 شہروں میں کلاسیکی موسیقی کے پروگرام منعقد کیے جائیں گے۔ یہ تقریب پرسار بھارتی کے زیرِ اہتمام وزارتِ ثقافت کے اشتراک سے منعقد کی جا رہی ہے۔

وزارتِ اطلاعات و نشریات نے کہا ہے کہ آکاشوانی سنگیت سمیلن، 1954 میں اپنے قیام کے بعد سے بھارت کی سب سے قابلِ احترام ثقافتی روایات میں سے ایک رہا ہے۔ اِس کا مقصد ہندستانی، ہلکی اور لوک موسیقی کے بہترین انداز کو ملک بھر کے ناظرین تک پہنچانا تھا۔ سمیلن نے بھارت کے بھرپور موسیقی ورثے کے تحفظ، فروغ اور مقبولیت میں اہم کردار ادا کیا ہے۔

2025 کے ایڈیشن میں ہر مقام پر دو کنسرٹ ہوں گے۔ ایک بھارتی کلاسیکی موسیقی کیلئے جبکہ دوسرا ہلکی اور لوک موسیقی کے لیے مخصوص ہوگا۔

پنجی اور شیلانگ میں خصوصی طور پر مغربی کلاسیکی موسیقی کے پروگرام منعقد کیے جائیں گے، جو بھارت کی علاقائی موسیقی کے تنوع کو ظاہر کرتے ہیں۔×

Women's Cricket Final

خواتین کے ایک روزہ میچوں کے ICC کرکٹ ورلڈ کپ کے فائنل میں آج بھارت کا مقابلہ جنوبی افریقہ سے ہونے

والا ہے۔ یہ میچ نوی ممبئی کے ڈاکٹر ڈی وائی پاٹل اسپورٹس اکیڈمی اسٹیڈیم میں سہ پہر تین بجے شروع ہوگا۔

بھارتی خواتین جمعرات کو سنسنی خیز سیمی فائنل میچ میں آسٹریلیا کو پانچ وکٹ سے شکست دے کر فائنل میں پہنچی ہیں۔

آج کے فائنل میں کھیلنے والی دونوں میں سے کوئی بھی ٹیم اب تک ICC کا ٹائٹل نہیں جیت سکی ہے اور جو بھی ٹیم آج فاتح رہے گی، وہ پہلی بار یہ ٹائٹل حاصل کرے گی۔ x

Men's Cricket

مردوں کی کرکٹ میں، Hobart میں بھارت اور آسٹریلیا کے درمیان پانچ میچوں کی T-20 سیریز کا تیسرا میچ کھیلا جارہا ہے۔ بھارت نے ٹاس جیت کر فیلڈنگ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ فی الحال آسٹریلیا پانچ میچوں کی سیریز میں ایک-صفر سے سبقت لئے ہوئے ہے۔

آسٹریلیا نے اب سے کچھ دیر پہلے تک 2 اوورز میں ایک وکٹ پر 12 رَن بنا لئے تھے۔ x

PM Asian Games

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے ایشیائی یوتھ گیمز 2025 میں 48 تمغے جیتنے پر بھارتی کھلاڑیوں کو مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے کہا کہ ملک کے نوجوان کھلاڑیوں نے اپنی بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرکے اِن کھیلوں میں تاریخ ساز کارنامہ انجام دیا ہے۔ x

Canada Condemn Khalistan

کناڈا نے ٹورنٹوں میں بھارتی قونصل خانے کے باہر احتجاج کی مذمت کی ہے، جہاں مظاہرین نے ایک تصویر لہرائی، جس میں دو افراد کو کناڈا کی وزیرِ خارجہ انٔیتا آنند اور بھارت کی سابق وزیرِ اعظم اندرا گاندھی کے فوٹو پر گولی مارتے ہوئے دکھایا گیا ہے۔

عہدیداروں نے اِسے جمہوریت کیلئے خطرہ قرار دیا ہے اور جوابدہی کی مانگ کی ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ خالصتانی تحریک سے وابستہ سِکھ انتہا پسند گروپوں نے اِس احتجاج کا اہتمام کیا تھا، جس میں خالصتانی پرچم لہرائے گئے، پھانسی پر لٹکانے کے منظر ترتیب دیئے گئے اور اندرا گاندھی کی ہلاکت کا تصویری حوالہ پیش کیا گیا۔

کچھ کارکنوں نے محترمہ انٔیتا آنند پر الزام لگایا کہ انہوں نے کناڈا کی بھارت - بحرالکاہل حکمتِ عملی کے تحت باہمی تعلقات کو مستحکم بنانے کیلئے اکتوبر میں بھارت کے اپنے دورے میں، اُس کی طرفداری کی۔

اُدھر بین الاقوامی ترقیات کے محکمے کے وزیر رندیپ Sarai نے کہا ہے کہ اِس طرح کی سرگرمیوں سے جمہوریت کو زک پہنچتی ہے اور کناڈا میں اِس کیلئے کوئی گنجائش نہیں ہے۔ x

Pak Afghan Border

تُرخم اور چمن دونوں مقامات پر افغان پناہ گزینوں کی وطن واپسی کا عمل پھر شروع ہوگیا ہے۔ تقریباً 10 ہزار 700

افراد سرحد پار کرکے افغانستان میں داخل ہوئے ہیں۔ پاکستان کی وطن واپسی پہل کے تحت اب تک تقریباً 15 لاکھ 60 ہزار افغان باشندے اپنے وطن واپس آچکے ہیں۔

افغانستان اور پاکستان کے درمیان تُرخم سرحدی کراسنگ کل سے دوبارہ کھولی گئی ہے۔ یہ سرحد پر جان لیوا جھڑپوں کے بعد تقریباً دو ہفتے سے بند تھی۔ جنگ بندی برقرار رہنے کے تناظر میں یہ قدم سامنے آیا ہے۔ 19 اکتوبر کو دوحہ میں دونوں ملکوں کے درمیان جنگ بندی کو باضابطہ شکل دی گئی تھی۔ البتہ تجارت اب بھی معطل ہے، جس کی وجہ سے پاکستان کے شمال مغربی علاقوں میں مختلف اشیاء کی قلت اور مہنگائی کا سامنا ہے۔

اِدھر حکام نے کہا ہے کہ سرحدی کراسنگ دوبارہ کھولنے کا اطلاق سرِدست صرف پناہ گزینوں کی نقل و حرکت پر ہوگا اور سکیورٹی کی صورتحال بہتر ہونے کے بعد ہی تجارت بحال کی جائے گی۔x

Russia Condemn US

روس نے کیریبائی خطے میں منشیات کی روک تھام کے مشن کے دوران بقول اُس کے فوجی طاقت کے بے تحاشہ استعمال کی بناء پر امریکہ کی مذمت کی ہے۔ وزارتِ خارجہ کی ترجمان **Maria Zakharova** نے کہا کہ اِس طرح کی کارروائی اقوامِ متحدہ اور بین الاقوامی قوانین کے منافی ہے۔ انہوں نے اِس سلسلے میں اقوامِ متحدہ اور دیگر بین الاقوامی اداروں کی طرف سے حمایت کا حوالہ دیا۔

روس نے وینیزوئیلا کے اقتدارِ اعلیٰ کے تئیں حمایت کا اعادہ کیا اور زور دے کر کہا کہ لاطینی امریکہ اور کیریبائی خطہ امن کا زون ہے۔ روس کا یہ بیان اِن اطلاعات کے پس منظر سامنے آیا ہے کہ امریکہ کی بڑھتی ہوئی فوجی موجودگی کے تناظر میں خطے میں حالیہ امریکی کارروائی میں 14 کشتیوں کو نشانہ بنایا گیا اور 61 افراد مارے گئے۔x

Tennis - Paris Masters

ٹینس میں سابق عالمی نمبر ایک **Yannik Sinner** پیرس ماسٹرس ٹورنامنٹ میں پہلی بار فائنل میں پہنچے ہیں۔ انہوں نے کل کھیلے گئے سنگلز سیمی فائنل میں جرمنی کے **Alexander Zverev** کو چھ - صفر اور چھ - ایک سے ہرا دیا۔

آج ٹورنامنٹ کے فائنل میں **Yannik Sinner** کا مقابلہ کناڈا کے **Felix Auger- Aliassime** سے ہوگا۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆